# خبر نامہ

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

خوب سے خوب تر کی جانب گامزن

فروری، مارچ، اپریل 2023ء

إنا لله وإنا إليه راجعون

# Prof. Dr. Shahid Kamal

*1959 – 2023*

*Departed for his eternal journey on 13-03-2023*

**A great teacher, visionary leader and a generous soul**

Sir, you will always remain in our hearts and prayers.







بچھڑا کچھ اس ادا سے کہ رُت ہی بدل گئی
اک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا


**Prof. Dr. Shahid Kamal**
Patron in Chief
Vice Chancellor

**Mr. Zeshan Ahmed Khan**
Chief Editor
Public Relation Officer

**Mr. Rizwan Ahmad**
Editor
Protocol Officer

**Mr. Hassan Mahmood**
Designing and Composing
Computer Programmer


شعبہ تعلقاتِ عامہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

## جی سی یونیورسٹی، تعلیمی ادارے اور صحافتی اقدار کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ تعلقات عامہ کے زیر اہتمام تعلیمی ادارے اور صحافتی اقدار کے موضوع پر ایک روزہ علمی اور فکری سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی صدر پریس کلب فیصل آباد شاہد علی تھے جبکہ ان کے ساتھ ڈاکٹر شبیر احمد قادری، ڈاکٹر سعید احمد، رجسٹرار ڈاکٹر ہدائت رسول، پبلک ریلیشن آفیسر ذیشان احمد خان بھی موجود تھے۔ سیمینار سے خطاب میں مقررین کا کہنا تھا کہ تعلیم اور ذرائع ابلاغ کا رشتہ بہت قدیم ہے۔ تقریب سے خطاب میں ذیشان احمد خان نے کہا کہ فیصل آباد پریس کلب اور جی سی یونیورسٹی نے ہمیشہ باہمی یگانگت سے فیصل آباد کے منظر نامے کو علمی اور فکری رنگ میں رنگنے کے لیے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے۔ صدر پریس کلب نے کہا کہ جی سی یونیورسٹی نے فیصل آباد کو پڑھے لکھے اور پروفیشنل صحافی مہیا کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یونیورسٹی کا میڈیا ڈیپارٹمنٹ بہترین کارکردگی کا عملی مظاہرہ پیش کر رہا ہے، انہوں نے شعبہ تعلقات عامہ کی کارکردگی کو سراہا۔ پروفیسر شبیر احمد قادری اور ڈاکٹر سعید احمد نے اردو اخبارات اور اردو صحافت کی تاریخ پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر رجسٹرار ڈاکٹر ہدائت رسول نے کہا کہ جامعات کے ساتھ ساتھ میڈیا بھی انفرادی اور اجتماعی طور پر معاشرے کو درست سمت کی طرف رواں رکھنے کے لیے اپنا اہم کردار ادا کر رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جی سی یونیورسٹی کے قیام میں پریس کلب فیصل آباد کے صحافیوں نے اپنا اہم کردار ادا کیا ان کی علمی اور قلمی جدوجہد کے ذریعہ ہی یونیورسٹی کا قیام عمل میں آیا تھا۔



## جی سی یونیورسٹی، ذہنی صحت کے حوالے سے آگاہی سیمینار

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ نفسیات اور ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کے اشتراک سے ذہنی صحت اور بیماریوں کی نسل در نسل منتقلی کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد عوام میں بڑھتا ذہنی ڈپریشن، خودکشی کے عوامل اور ذہنی بیماریوں کی نسل دو نسل منتقلی کو روکنے کے لیے آگاہی اور ضروری اقدامات اٹھانے کے حوالے سے تربیت فراہم کرنا تھا۔ تقریب میں فیصل آباد کے معروف ماہر نفسیات اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے شعبہ نفسیات کے ہیڈ پروفیسر ڈاکٹر امتیاز احمد ڈوگر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، ان کے علاوہ ڈائریکٹر نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پاپولیشن سٹڈیز ڈاکٹر عائشہ شیراز، نشتر ہسپتال ملتان سے ڈاکٹر محمد تحسین اختر، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عاصم محمود اور جی سی یونیورسٹی کے شعبہ نفسیات کی چیئرپرسن پروفیسر ڈاکٹر رابعہ خاور بھی موجود تھیں۔ سیمینار کے مقررین نے ذہنی بیماری کے ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقلی کے ذمہ دار نفسیاتی عوامل، مسائل اور سماجی پہلو پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر چیئرپرسن پروفیسر ڈاکٹر رابعہ خاور کا کہنا تھا کہ ہمیں بحثیت قوم ذہنی امراض کو ختم کرنے اور ایک صحت مند معاشرہ تشکیل دینے کے لیے اپنے فرائض سر انجام دینے ہوں گے۔



## جی سی یونیورسٹی، ایڈز کی روک تھام کے حوالے سے آگاہی سیمینار




وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کہا ہے کہ ہماری معاشرتی ذمہ داری ہے کہ ہم ایڈز کی روک تھام اور پھیلاؤ سے بچاؤ کے بارے میں آگاہی مہم چلائیں،اس کے لئے طلبا و طالبات کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسٹیٹیوٹ آف مائیکرو بیالوجی اور پنجاب ایڈز کنٹرول پروگرام کے اشتراک سے منعقدہ سیمینار کے انعقاد کے موقع پر کیا۔ سیمینار سے خطاب میں ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ آف مائیکرو بیالوجی پروفیسر ڈاکٹر ہدائت رسول نے ایڈز سے بچنے کے آسان طریقے بتائے جیسا کہ استعمال شدہ سرنج اور بلیڈ وغیرہ کا استعمال نہ کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایڈز انسانی جسم کے دفاعی نظام کو مفلوج کر دیتا ہے۔پاکستان میں یہ مرض اتنا عام نہیں جتنا کے افریقی ممالک اور بھارت میں ہے۔ سیمینار کے مقررین کا کہنا تھا کہ ایڈز کو 1981 میں جانا گیا اس مرض سے بچنے کے لیے صرف ٹیسٹ شدہ بلڈ استعمال کریں۔ سرنج ہر بار نئ استعمال کریں جسم پر نقش و نگار کروانے سے پرہیز کریں۔حجام کے پاس ہمیشہ نئے بلیڈ کا استعمال کروائیں۔کہا کہ معاشرہ میں موجود اس بیماری کے شکار افراد کو پریشان ہونے کی بجائے اسے تسلیم کرتے ہوئے حوصلہ پکڑنا چاہیے تاکہ وہ اچھے شہری کی حیثیت سے باقی زندگی بہتر انداز میں جی سکیں۔

## جی سی یونیورسٹی، جشن رنگ و رامش کی تقریبات

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ نظامت امور طلبہ کے زیر اہتمام جشن رنگ و رامش کی رنگا رنگ تقریبات اپنے اختتام کو جا پہنچیں۔ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے تیسرے رنگ و رامش کی تقریبات کے مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال تھے، انہوں نے تقریب کے روح رواں ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز ڈاکٹر ندیم سہیل ان کی ٹیم، سوسائٹیز کے سربراہان اور تمام منتظمین کا رنگوں سے بھرپور تقریبات کے کامیاب انعقاد پر شکریہ ادا کیا اور مبارکباد دی۔ تین دن جاری رہنے والی تقریبات میں محفل قرآت، نعت، ڈرامہ، کلچرل پرفارمینس جس میں سرائیکی، پختون، بلوچ، گلگت بلتستان اور پنجابی رنگ نمایاں تھا۔ تقریبات میں صوفی میوزک، کل پاکستان مشاعرے کا انعقاد بھی کیا گیا۔ مشاعرے میں پاکستان بھر سے نامور شاعروں نے شرکت کی جن میں صائمہ آفتاب، علی زریون، مومن ملائی، ظہیر مہاروی، دانش نقوی، غلام مرتضی عاطر، احمد سعید، نصرت صدیقی، وحید احمد اور دیگر شعراء شامل تھے۔ جشن بہاراں کے سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کے اشتراک سے کیمپس میں پینٹنگ اور فوٹوگرافی مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد علی عنان قمر نے جی سی یونیورسٹی میں پینٹنگ اور فوٹو گرافی مقابلہ جات کا وزٹ کیا اور طلباء و طالبات کی صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے جشن بہاراں، جشن رنگ و رامش اور جگ مگ فیصل آباد کی تقریبات کے سلسلے میں نظامت امور طلباء کے ناظم ڈاکٹر ندیم سہیل کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ تقریب کے آخر میں پینٹنگ اور فوٹوگرافی مقابلہ جات کے پوزیشن ہولڈرز میں انعامات تقسیم کیے گئے۔





## جی سی یونیورسٹی میں لائلپور انڈسٹریل ایکسپو کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف انڈسٹریل لینکیجز کے زیر اہتمام دو روزہ لائلپور انڈسٹریل ایکسپو کا انعقاد کیا گیا۔ ایکسپو میں پاکستان بھر سے کمپنیز کے چیف ایگزیکٹوز، عہدیداران، کاروباری شخصیات اور سائنسدانوں نے شرکت کی۔انڈسٹریل ایکسپو کا مقصد طلباء و طالبات اور شہر فیصل آباد کو انڈسٹری کے حوالے سے کاروباری مواقع فراہم کرنا تھا۔ ایکسپو میں جی سی یونیورسٹی اور 30 کمپنیز کے مابین معاہدے طے پائے گئے جس کے ذریعے طلباء کی فنی تربیت، کاروبار کے مواقع اور اسکالرشپ فراہم کیے جائیں گے۔ ایکسپو میں 50 سے زیادہ شعبہ جات جن میں خوراک، میڈیکل، انجینئرنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ٹیکسٹائل، کیمیکل اور سائنسی لائبرریز کے علاوہ دیگر شعبہ جات نے سٹالز لگا رکھے تھے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب میں ڈائریکٹر انڈسٹریل لینکیجز پروفیسر ڈاکٹر عمیر ارشد باجوہ کا کہنا تھا کہ شہر فیصل آباد پاکستان کا مانچسٹر ہے، انڈسٹریل شہر ہونے کی وجہ سے دنیا میں خاص اہمیت حاصل ہے، ایکسپو کے انعقاد سے مستقبل میں کاروبار اور ترقی کے بہتر مواقع پیدا ہوں گے، انہوں نے مزید کہا کہ طلباء کو سیکھنے کا موقع میسر آئے گا۔ رجسٹرار جی سی یونیورسٹی ڈاکٹر ہدایت رسول نے اس موقع پر خطاب میں سابق وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال مرحوم کے ویژن کی تعریف کی، ان کا مزید کہنا تھا کہ ایسی ایکسپو کے انعقاد سے طلباء اور انڈسٹری کے باہمی روابط مضبوط ہوتے ہیں، طلباء کو سیکھنے کا موقع میسر آتا ہے۔ انڈسٹریل ایکسپو سے ڈین فیکلٹی آف لائف سائنسز ڈاکٹر فرحت جبین، چوہدری فیض رسول، ڈاکٹر مسعود صادق بٹ، طارق سرور اعوان کے علاوہ دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔



## جی سی یونیورسٹی میں پاک چین راہداری بارے سیمینار






گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے نظامت امور طلباء کے زیر اہتمام پاکستان چین معاشی راہداری کے بارے میں آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا مقصد طلباء و طالبات کو راہداری کے مندرجات اور منصوبوں کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی اربن یونٹ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ لاہور کے ریسورس پرسن ڈاکٹر عظیم سردار تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں پاک چائنہ راہدری منصوبہ کے معاشی، اقتصادی، سماجی اور ثقافتی پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ پاکستان چائنہ راہداری کے آغاز اور مستقبل کے منصوبوں پر تفصیلی گفتگو کی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ منصوبہ پاکستان کی تقدیر بدل دے گا، ضرورت اس بات کی ہے کہ سیاسی اور علاقائی اختلافات کی بجائے صرف جذبہ حب الوطنی کے تحت اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ اس منصوبے کے تحت اورنج ٹرین، موٹروائز، جی ٹی روڈ کی تعمیر، قائد اعظم اور علامہ اقبال انڈسٹریل اسٹیٹ کا قیام، زراعت کے شعبہ میں خوشحالی اور جدت کے علاوہ ٹیوٹا اور یونیورسٹی کے ذریعے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد بھی کیا جا رہا ہے۔ نظامت امور طلباء کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ندیم سہیل نے شرکاء سے خطاب میں کہا کہ بیرونی عناصر اس منصوبے کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں ہم سب کو متحد ہو کر پاک چائنہ راہدری کو کامیابی کی طرف لے کر جانا ہے، تاکہ پاکستان خودکفیل اور معاشی طور پر ابھرتی ریاست کے طور پر سامنے آئے۔ سیمینار سے شعبہ پاکستان سٹڈیز کے چیئرمین اور تاریخ دان پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر مشتاق نے بھی خطاب کیا، انہوں نے طلباء و طالبات پر زور دیا کہ وہ مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب ہوں، ایسے تاریخی منصوبہ جات زندگی کے ہر شعبہ میں انقلاب برپا کر دیتے ہیں۔ اس راہداری کی تکمیل اور دفاع میں نوجوانوں کو آگے آنا ہو گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ایسے تاریخی، سیاسی اور معاشی موضوعات پر سیمینار ہماری جامعات کا حصہ ہونے چاہئے جہاں سے طلباء کو آگاہی اور سیکھنے کا موقع میسر آئے۔ تقریب کے آخر میں رجسٹرار گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ہدائت رسول کی طرف سے مہمان خصوصی کو یادگاری شیلڈ دی گئی۔

## امریکی قونصل جنرل کی جی سی یونیورسٹی آمد، لنکن کارنر کا افتتاح






امریکی قونصل جنرل ویلیم کے مکانیولن نے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے جھنگ روڈ پر واقع نیو کیمپس میں نئے لنکن کارنر کے افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کی، یونیورسٹی رجسٹرار، ڈینز اور ڈائریکٹرز بھی ان کے ہمراہ تھے۔ امریکی قونصل جنرل ویلیم مکانیولن اور وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر شاہد کمال نے یونیورسٹی اور امریکی سفارتخانہ کے اشتراک سے جامعہ کے دونوں کیمپسز میں قائم کردہ لنکن کارنرز کے ذریعے باہمی تعاون اور تعلیم کے فروغ کے مشترکہ منصوبوں کے حوالے سے بات چیت کی۔ ایگزیکٹو انچارج لنکن کارنر فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر مظہر حیات اور کنزہ عمر خان نے لنکن کارنر کی اب تک کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر وفد کو بریفنگ پیش کی۔ انہوں نے اولڈ کیمپس کے ساتھ ساتھ نیو کیمپس میں نئے لنکن کارنر کے افتتاح پر امریکی حکومت اور عوام کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر امریکی قونصل جنرل نے کہا کہ پاکستان میں لنکن کارنر مختلف پروگراموں کے ذریعے پاکستانیوں اور امریکیوں کے مابین کھلی بات چیت، باہمی افہام وتفہیم، خوشحالی اور عوام سے عوام کے تعلقات کو مستحکم کرنے کے لیے ایک منظم پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ لنکن کارنر کے پروگرامز اور وسائل یونیورسٹی کے طلباء ، ماہرین تعلیم، صحافی، محققین، اور پاکستانی نوجوانوں کو راغب کرتے ہیں۔ وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لنکن کارنر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے طلباء اور اس علاقے کے نوجوانوں کو سیکھنے اور مستقبل کی ترقی کے لیے جدید وسائل اور مواقع مہیا کرتا ہے، اس کے ذریعے یونیورسٹی کے طلباء اب خود کو متنوع مسابقتی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے اہل ہیں۔ وائس چانسلر نے لنکن کارنر کو وسیع پیمانے پر پھیلانے اور فیصل آباد کے نوجوانوں کے لیے مستقبل کے وسیع مواقع پیدا کرنے کا اعادہ بھی کیا۔ اس موقع پر امریکی قونصل جنرل کے وفد میں چیف آف پولیٹیکل اینڈ اکنامک آفیسر کیتھلین گبیلسکو بھی قونصل جنرل کے ہمراہ تھیں۔

## جی سی یونیورسٹی، کمیونٹی سکول کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے جھنگ روڈ پر واقع نیو کیمپس میں کمیونٹی سکول کی سائٹ کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا ہے۔ یونیورسٹی اور کمیونٹی کالج کے ساتھ ساتھ اب چھوٹے بچوں کے لیے کمیونٹی سکول بھی بنایا جائے گا۔ جس میں یونیورسٹی کے علاوہ اہل علاقہ کے بچے بھی تعلیم حاصل کر پائیں گے۔ جی سی یونیورسٹی کے اولڈ سٹوڈنٹ انجینئر قمر زمان نے وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کے ہمراہ سکول سائٹ کا افتتاح کیا، ان کے ساتھ ڈاکٹر صولت نواز، ڈاکٹر حبیب اسلم گابا، فیاض احمد بٹ ایڈوکیٹ اور یونیورسٹی کے ڈائریکٹرز اور افسران بھی موجود تھے۔ انجینئر قمر زمان نے سکول کی تعمیر کے لیے 1 کروڑ کی خطیر رقم کا عطیہ دیا۔ یہ سکول آنے والے وقتوں میں یونیورسٹی اور اہل علاقہ کے لیے ایک بہترین اور مثالی درس گاہ ثابت ہو گا۔ ابتدائی طور پر سکول میں نرسری اور پریپ کی کلاسز کا آغاز کیا جائے گا۔ اس سے پہلے انجینئر قمر زمان اولڈ کیمپس کی مین لائبریری کو وسیع کرنے اور تزئین و آرائش کے لیے 4 ملین کا عطیہ دے چکے ہیں۔ ان کی جانب سے یونیورسٹی کو 14 ایکٹر کی آراضی منتقل کی جا رہی ہے جس میں یونیورسٹی کے نئے شعبہ جات تعمیر کیے جائیں گے۔



## جی سی یونیورسٹی میں دو روزہ عالمی ڈیٹا سائنس کانفرنس

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ ڈیٹا سائنس کے زیر اہتمام دو روزہ عالمی ڈیٹا سائنس کانفرنس آج سے شروع ہو گئی ہے۔ کانفرنس میں پاکستان کے علاوہ دنیا بھر سے شماریات کے ماہرین شرکت کر رہے ہیں۔ کانفرنس کے انعقاد کا مقصد ڈیٹا سائنس کے توسط سے جدید تحقیق کے بارے میں معلومات کا تبادلہ کرنا ہے۔ کانفرنس کے پہلے دن کے آغاز میں پروفیسر ڈاکٹر اعجاز حمد ڈین بروک یونیورسٹی کینیڈا، ڈاکٹر محمد فاروق جی سی یونیورسٹی لاہور اور ڈاکٹر فیاض احمد نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی نے طلباء کو ڈیٹا سائنس کی اہمیت اور مختلف شعبہ جات میں اس کی افادیت کے حوالے سے آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر شعبہ ڈیٹا سائنس کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر فیصل مقبول کا کہنا تھا کہ اس کانفرنس کے ذریعے تحقیقی کام کرنے والوں، ماہرین تعلیم اور انڈسٹری کے افراد کو ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کر کے اپنی معلومات کے تبادلے اور درپیش چیلنجز پر گفتگو کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیٹا سائنس کے مقاصد کو سمجھنے کا موقع میسر آئے گا۔ کانفرنس سے ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عاصم محمود، رجسٹرار جی سی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد ہدایت رسول نے بھی خطاب کیا۔



## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ اردو کے زیر اہتمام بین الاقوامی اردو کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔

کانفرنس میں پاکستان سمیت دنیا بھر سے مصنفین، ادیب اور دانشور شریک ہوئے۔ کانفرنس میں ڈین فیکلٹی آف اورینٹل لرننگ پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس، انقرہ یونیورسٹی ترکیہ سے ڈاکٹر آئیکوت کشیر، اوساکا یونیورسٹی جاپان سے ڈاکٹر مرغوب حسین طاہر، ڈاکٹر صدف نقوی، ڈاکٹر نازیہ پروین نے خصوصی شرکت کی۔ کانفرنس کے مقررین نے اردو کی تہذیبی شناخت کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو کی۔ ڈاکٹر مرغوب حسین نے جاپان میں اردو کے حوالے سے عالمانہ اور معلومات افزاء گفتگو کی۔ ڈاکٹر آئیکوت کشیر نے پاک ترک دوستی اور ترکی میں اردو کی ترویج کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو کی۔ اس موقع پر صدر شعبہ اردو ڈاکٹر سعید احمد نے کانفرنس کے اغراض و مقاصد بیان کیے، انہوں نے ملکی اور غیر ملکی مہمانوں کی یونیورسٹی آمد پر شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس کا کہنا تھا کہ ترکیہ اور جاپان کے شعبہ اردو کے اساتذہ ہمارے پی ایچ ڈی کے تحقیقی مقالہ جات کی جانچ میں ہمارے ساتھ مثالی تعاون کر رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اردو نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں بولی جانے والی چوتھی بڑی زبان ہے، ہمارے تہذیبی ورثے کی امین ہے اور عالمی سطح پر ہماری پہچان ہے۔



## جی سی یونیورسٹی کچرے سے انرجی پیدا کرے گی۔



گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل کے ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنیشل لینکیجز اور سکاٹ لینڈ گلاسکو کونسل کے اشتراک سے گھریلو کچرا سے بجلی پیدا کرنے کے منصوبے پر کام جلد شروع ہو گا۔ کوڑا کرکٹ سے انرجی پیدا کرنے کے حوالے سے جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹر انٹرنیشل لینکیجز پروفیسر ڈاکٹر شہزاد علی شاہد چٹھہ اور سکاٹ لینڈ میں نیبر ہوبڈ کوآرڈینیٹر میاں عمران مسعود کے مابین دو طرفہ ملاقات ہوئی۔ جس میں بیرون ممالک کی طرز پر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں بھی کوڑے سے انرجی پیدا کرنے کے حوالے سے جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر شہزاد چٹھہ کا کہنا تھا کہ بجلی کی آئے دن بڑھتی ہوئی قیمتوں کے پیش نظر گورنمنٹ سیکٹر میں کوڑا سے بجلی پیدا کر کے سرکاری خزانہ پر بوجھ کو کم کیا جا سکتا ہے۔ عمران مسعود پاکستانی نژاد یو کے نیشنل ہیں، وہ سکاٹ لینڈ میں ڈومیسٹک ویسٹ سے انرجی پیدا کرنے کے پروجیکٹ پر کام کر رہے ہیں۔ملاقات میں پاکستان کے انرجی کے مسائل، وسائل اور تعلیمی نظام پر بھی گفتگو ہوئی۔ میاں عمران مسعود نے کچرے سے انرجی کی پیداوار اور ملک میں توانائی کے بحران کو حل کرنے کے لیے دلچپسی کا اظہار کیا۔ اس سلسلے میں دونوں اطراف سے باہمی یادداشت پر دستخط بھی کیے جائیں گے۔ ڈاکٹر شہزاد چٹھہ نے عمران مسعود کے تعاون کو سراہا اور ترقی یافتہ ممالک کے تعلیمی اور تحقیقاتی اداروں کے ساتھ مضبوط تعلقات قائم کرنے اور معیار تعلیم کو بلند کرنے کے حوالے سے عزم اور خواہش کا اظہار کیا۔



## پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس، ڈین اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ تعینات

ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ اسلامیات کے سینئر پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس کو تین سال کے عرصہ کے لیے ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ تعینات کر دیا گیا ہے۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان کی منظوری کے بعد ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس جی سی یونیورسٹی میں رحمت العالمین سیرت چیئر کے انچارج ہیں۔ سیرت نبوی پر ان کا گراں قدر کام ہے۔ سیرت نبوی پر لکھی ان کی ایوارڈ یافتہ کتاب علوم السیرہ پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔

## جی سی یونیورسٹی، روزے کی برکات اور غذائیت کے حوالے سے سیمینار

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ نیوٹریشن سائنسز اور نیوٹریشن اینڈ ہیلتھ سوسائٹی کے اشتراک سے روزے کی برکات اور غذائیت کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا مقصد لوگوں کو ماہ رمضان میں متوازن اور صحت مندانہ غذاؤں کے استعمال اور اس کے فوائد کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔ مقررین میں چیئر پرسن شعبہ نیوٹریشن سائنسز پروفیسر ڈاکٹر مہر النساء، رجسٹرار ڈاکٹر ہدایت رسول، ڈاکٹر آفتاب احمد خان، ڈاکٹر سلطان ایاز اور امریکن سوسائٹی فار نیوٹریشن سے ڈاکٹر بینش سرور نے خطاب کیا۔ رجسٹرار ڈاکٹر ہدایت رسول نے اس بات پر زور دیا کہ رمضان میں دستر خوان پر سبزیوں کے علاوہ پروٹین اور نشاستہ سے بھرپور غذائیں شامل کرنا ضروری ہیں۔ چیئرپرسن ڈاکٹر مہر النساء کا کہنا تھا کہ سادہ پانی اور کھجور سے روزہ افطار کرنا چاہئے میٹھے اور ٹھنڈے مشروبات سے پرہیز کرنا چاہئے۔ اس موقع پر ڈاکٹر آفتاب احمد نے کھانے پینے کے علاوہ ہلکی پھلکی ورزش اور جسمانی سرگرمیوں کی طرف زور دیا جس سے روزہ داروں کو صحت مند طرز زندگی کو یقینی بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ سیمینار سے ڈاکٹر بینش سرور، ڈاکٹر سلطان ایاز اور ڈاکٹر کامران شریف نے بھی خطاب کیا۔

## کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے جی سی یونیورسٹی میں ریلی کا انعقاد۔



## پاکستان انجینئرنگ کونسل کی ٹیم کا گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ





## جی سی یونیورسٹی، سابق وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کی یاد میں تعزیتی اجلاس

ڈاکٹر شاہد کمال نے 24 جولائی 2019 کو جوائن کیا، وہ 3 سال 7ماہ اور 19دن بطور وائس چانسلر خدمات سر انجام دیتے رہے۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے نیو کیمپس میں سابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی وفات پر ان کی یاد میں ایک تعزیتی اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں ڈاکٹر شاہد کمال مرحوم کے فیملی ممبران، رفکاکار، یونیورسٹی ڈینز، ڈائریکٹرز، شعبہ جات کے انچارجز، ایڈمنسٹریشن سٹاف کے علاوہ اساتذہ، طلباء وطالبات اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مقررین نے ڈاکٹر شاہد کمال کی تعلیمی اور فلاحی خدمات کو دل کھول کر خراج عقیدت پیش کیا اور ان کی وفات کو قومی سانحہ اور ناقابل تلافی نقصان قرار دیا۔ ڈاکٹر شاہد کمال کا تعلق پاکستان کے معروف تعلیمی گھرانے سے تھا، وہ ماہر شماریات اور بہت سی کتب کے مصنف تھے۔اس موقع پر ڈاکٹر شاہد کمال کے بھائی ڈاکٹر فرخ کمال نے اپنے خیالات کا اظہار کرے ہوئے ان کی نجی زندگی، زمانہ طالب علمی اور گھریلو مصروفیات کا تفصیلی جائزہ پیش کیا۔ رجسٹرار جی سی یونیورسٹی ڈاکٹر ہدائت رسول نے سابق وائس چانسلر کی تعلیمی خدمات اور یونیورسٹی کے لیے ان کے اقدامات پر روشنی ڈالی، ان کا کہنا تھا کہ ہم نے علم کا انسائیکلوپیڈیا کھو دیا، ان کو ہر شعبہ پر دسترس حاصل تھی۔ امریکی قونصلیٹ جنرل لاہور کے کلچرل آفیسرز کے انچارج پول گر نے سابق وائس چانسلر کی بین الاقوامی سطح پر روابط کو سراہا اور امریکن قونصل جنرل لاہور ولیم میکونیل کی طرف سے تعزیتی پیغام پہنچایا۔ پبلک ریلیشن آفیسر ذیشان احمد خان نے اس موقع پر خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر شاہد کمال جامع الکمالات انسان تھے، ان کا مزید کہنا تھا کہ ڈاکٹر کمال نہائت خوش طبع، نیک دل، ہنس مکھ اور نہائت متواضع شخصیت کے مالک تھے۔ ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کی طرف سے ڈاکٹر شاہد کمال میموریل سپورٹس، ٹیلنٹ میڈل اور کیش پرائز کا اجراء بھی کیا گیا۔ تعزیتی اجلاس سے یونیورسٹی ڈینز، ڈائریکٹرز اور ایڈمنسٹریشن آفیسرز نے بھی خطاب کیا۔ تعزیتی ریفرنس کے آخر میں ڈاکٹر شاہد کمال کی روح کو ایصال ثواب کے لیے فاتح خوانی اور دعا بھی کی گئی۔



## ڈیپارٹمنٹ آف انٹرنیشنل ریلیشن اور اور ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے زیر اہتمام ویمن ڈے کے حوالے سے سیمینار







## شعبہ فزیالوجی جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں فزیالوجیکل سوسائٹی آف پاکستان زیر اہتمام انٹرنیشنل سیمینار





## ڈیپارٹمنٹ آف پاکستان سٹڈیز کے زیر اہتمام سندھ ساگر اور قیام پاکستان کے موضوع پر ایک روزہ سیمینار



## ڈیپارٹمنٹ آف ماس کمیونیکیشن کے زیر اہتمام میڈیا اور اظہار رائے کی آزادی کے موضوع پر ایک روزہ سیمینار



# آہ۔۔۔! ڈاکٹر شاہد کمال دنیا آپ کے کمالات کی معترف ہے۔












پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے بطور وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کو 24 جولائی 2019 کو جوائن کیا۔ نرم لہجے اور رعب دار آواز کے مالک ڈاکٹر شاہد کمال معاملات کو الجھانے کی بجائے سلجھانے پر یقین رکھتے تھے۔ میرا ماننا ہے کہ خدا معاشروں میں چند ایسے لوگ ضرور بھیجتا ہے جو اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کی بدولت نہ صرف پورے معاشرے کو اوپر لے جاتے ہیں بلکہ ان کی ذہانت ساری دنیا کے کام آتی ہے۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کا شمار بھی انہی ذہین اور قابل لوگوں میں ہوتا تھا۔ آپ کا تعلق پاکستان کے معروف تعلیمی گھرانے سے تھا، آپ کے والد گورنمنٹ کالج لاہور کے شعبہ شماریات کے قابل اور ذہین اساتذہ میں سے تھے۔ حسن اخلاق، صلہ رحمی، عاجزی اور انکساری ان کا آبائی وصف تھا۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم سیکرٹ ہارٹ سکول لاہور سے حاصل کی، جی سی لاہور سے گریجو ایشن کرنے کے بعد برطانیہ کی یونیورسٹی آف ایگزیٹر ڈاؤن سے شعبہ شماریات میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی اور وطن واپسی پر پنجاب یونیورسٹی میں شعبہ تدریس سے منسلک ہو گئے۔ ڈاکٹر شاہد کمال یونیورسٹی کے انتظامی امور کو نمٹانے کا وسیع تجربہ رکھتے تھے۔ پنجاب یونیورسٹی میں بطور پرنسپل اور ڈین کے عہدے پر ذمہ داریاں ادا کر چکنے کے بعد اساتذہ، طلباء اور انتظامی مسائل سے بخوبی واقف تھے۔ انہوں نے قلیل عرصہ میں یونیورسٹی کے نظام کو مربوط اور منظم کر لیا تھا۔ اساتذہ اور انتظامی سٹاف کو میرٹ کی بنیاد پر ترقیاں دی گئیں۔ عارضی ملازمین کو کو مستقل کیا گیا۔ یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اساتذہ اور ملازمین کو تنخواہ کے ساتھ بونس دیا گیا۔ انہوں نے حکومت پنجاب سے یونیورسٹی ملازمین کے لیے ترجیحی بنیادوں پر 25٪ سپیشل آلاؤنس منظور کروایا۔ انڈوومنٹ فنڈ، ریسرچ فنڈ اور ریٹائر ملازمین کے لیے پنشن فنڈ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ نئے شعبہ جات قائم کیے گئے۔ تعلیمی بلاک تعمیر کئے گئے۔ یونیورسٹی کی تاریخ میں ریکارڈ سلیکشن بورڈز کروا کر شفافیت کی بنیاد پر پروفیسرز، ایسوسی ایٹ پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسرز، لیکچراز، کمپیوٹر پروگرامرز، ٹیچنگ اسسٹنٹ، میڈیکل ڈاکٹرز کی تقرری کی گئی۔ محض ساڑھے تین سال کے قلیل عرصہ میں حافظ آباد کیمپس، چنیوٹ کیمپس، سمندری کیمپس، لیہ اور ساہیوال کیمپسز کو فعال بنایا۔ یونیورسٹی کو نہ صرف قومی بلکہ عالمی سطح پر متعارف کروایا۔ یہ انہی کا کمال تھا کہ ٹائمز ہائر ایجوکیشن ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پنجاب میں پہلے نمبر پر، پاکستان بھر میں دوسرے نمبر پر جبکہ دنیا بھر کی 500 بہترین جامعات میں شمار ہوتی ہے۔ پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے ڈاکٹر کمال کی تعلیمی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پنجاب کا نمبر ون وائس چانسلر قرار دیا اور تعارفی شیلڈ سے نوازا۔ ڈاکٹر شاہد کمال طلباء کی اخلاقی تربیت اور مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کے خواہاں تھے یہی وجہ ہے کہ انہوں نے نظامت امور طلباء کے زیر اہتمام طلباء و طالبات کے لیے سوسائٹیز کی تعداد بڑھانے اور ان میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کے لیے اوپن ہاؤس سیشن کا انعقاد کروایا۔ وہ مثبت تنقید کو برداشت کرنے والے، ان کے سامنے اساتذہ اور طلباء کو اپنے حق کے لئے بولنے کا پورا موقع میسر ہوتا، سائلین کے لیے ان کے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے۔ ڈاکٹر شاہد کمال علم دوست ہونے کے ساتھ ساتھ محب وطن اور












غریبوں کا احساس کرنے والے انسان تھے۔ انہوں نے اپنے ساڑھے تین سالہ دور میں طلباء کے لیے کسی بھی شعبہ کی فیس نہیں بڑھائی، بلکہ مستحق طلباء و طالبات کے لیے مختلف قسم کے اسکالرشپس کا بندوبست کیا۔انہوں نے یونیورسٹی میں نئے ڈائریکٹوریٹ قائم کیے جن میں ڈائریکٹوریٹ آف انڈسٹریل لینکیجزڈائریکٹوریٹ آف انٹرنیشنل لینکیج، ڈائریکٹوریٹ آف ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، بزنس اینکوبیشن سنٹر اور خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے وویمن ڈویلپمنٹ سنٹر قائم کیا۔ ان ڈائریکٹوریٹ کو قائم کرنے کا مقصد طلباء کو فارغ التحصیل ہونے کے بعد ملازمتیں، تربیتی ورکشاپس اور انٹرن شپس کے مواقع فراہم کرنا تھا۔ انہوں نے گورنمنٹ اور پرائیویٹ کالجز سے الحاق کے شفاف اور بہترین آن لائن نظام کے ذریعے کرپشن کا راستہ ہمیشہ کے لیے بند کر دیا۔ ان کے دور میں شعبہ تعلقات عامہ نے ماہانہ کی بنیاد پر نیوز لیٹر کا اجراء کیا، جس کے ذریعے یونیورسٹی کی مثبت سرگرمیوں کو دنیا کے سامنے لایا گیا۔ ڈاکٹر شاہد کمال سچے عاشق رسول اور درد رکھنے والے انسان تھے ناموس رسالت کے معاملے پر ریلی کی قیادت کرتے ہوئے دو ٹوک الفاظ میں بیرونی طاقتوں کو پیغام دیا کہ نبی پاک سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے، لحاظہ وہ گستاخانہ خاکوں جیسی حرکتوں سے باز رہیں۔ آپ ماہر تعلیم ہونے کے ساتھ ساتھ بنیادی انفراسٹرکچر کو بھی خوب سمجھتے تھے انہوں نے اپنے دور میں دو خوبصورت گرلز ہاسٹلز، سٹیٹ آف دی آرٹ سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر، اساتذہ اور سٹاف کے لیے فلیٹس اور گھروں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ دو اکیڈمکس بلاکس بنوائے۔ انہوں نے کھیلوں کے میدان آباد کیے۔ جی سی یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بین الاقوامی معیار کی ساؤتھ ایشین ویمن ہینڈ بال چیمپن شپ کی میزبانی کی۔ کھیلوں کے میدان میں گران قدر خدمات پر ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس نے آپ کی یاد میں ڈاکٹر شاہد کمال میموریل کیش پرائز اور میڈل کا اجراء کیا۔ ان کی تعلیمی اور فلاحی خدمات کو کسی ایک مضمون یا کالم میں نہیں لکھا جا سکتا، آپ 13 مارچ 2023 کی صبح لاہور سے فیصل آباد کے لیے روانہ ہوئے گاڑی میں بیٹھتے ہی ان کا معمول تھا کہ قرآن پاک کی تلاوت کرتے اور ایک سپارہ روزانہ پڑھتے۔ ساہیانوالہ انٹرچینج کے قریب ان کی گاڑی کا ٹائربلاسٹ ہوا اور گاڑی بے قابو ہو کر آئل ٹینکر سے جا ٹکرائی سر میں شدید چوٹیں آئیں جس کی وجہ سے وہ موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ عجیب شخص رخصت ہوا کہ جس کے غم میں وہ بھی دلفگار تھے جو زندگی بھر آپ کے نقاد رہے۔ ہم نے زندگی بھر ان کے وجود سے خیر ہی کو پھوٹتے دیکھا اور خوشبو ہی کو بکھرتے محسوس کیا۔ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی ہاکی گراؤنڈ میں ان کا جنازہ ادا کیا گیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی اساتذہ، انتظامیہ، طلباء اور ضلعی ایڈمنسٹریشن نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ فیصل آباد سے ان کی میت کو لاہور لے جایا گیا پنجاب یونیورسٹی میں ان کا دوسرا بڑا جنازہ ہوا، جہاں ان کے رفکاکار، رشتےدار، یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران اور پنجاب بھر سے وائس چانسلرز نے شرکت کی۔ سینکڑوں سوگواران کی آہو اور سسکیوں میں ان کو این ایف سی کالونی قبرستان میں سپردخاک کر دیا گیا۔ ڈاکٹر شاہد کمال اپنے یونیورسٹی کے اساتذہ سے یہی توقع رکھتے تھے کہ تدریس کے انتہائی اعلی پیشہ کو اور بھی زیادہ باوقار بنائیں گے۔ مجھے امید ہے کہ یونیورسٹی میں ڈاکٹر شاہد کمال کے جانشین ان کی جاری تعلیمی خدمات اور اقدامات کو آگے لے کر جائیں گے اور ان کا خواب شرمندہ تعبیر کریں گے۔

# جی سی یونیورسٹی میں انٹر کالجیٹ اور انٹر یونیورسٹی کھیلوں کے مقابلہ جات

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کے زیر اہتمام انٹر کالجیٹ اور انٹر یونیورسٹی کھیلوں کے مقابلہ جات 2022-2023 کا انعقاد کیا گیا۔ وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کھیلوں کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین سپورٹس بورڈ پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین تھے، پروفیسر ڈاکٹر صوفیہ انور، پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بخاری، پروفیسر ڈاکٹر ندرت عائشہ، ڈاکٹر تحسین گلزار اور ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ افتتاحی میچ کی تقریب کے دوران چیئرمین سپورٹس بورڈ کا کہنا تھا کہ کھیل جسمانی اور ذہنی نشونما کے لئے بے حد ضروری ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیمی تدریسی اور غیر نصابی سرگرمیاں خوش آئند ہیں اداروں میں اس طرح کی سرگرمیوں کا انعقاد مثبت عمل ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان نے کہا کہ پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل بھی بچوں کی جسمانی صحت کے لیے بہت ضروری ہے، یونیورسٹی کی طرف سے ایسے کھیلوں کا انعقاد کالجز کی طالبات کے لیے ایک تفریحی سرگرمی سے کم نہیں ہے۔









## جی سی یونیورسٹی میں انٹر کالجیٹ اور انٹر یونیورسٹی کھیلوں کے مقابلہ جات کی تصویری جھلکیاں













## جی سی یونیورسٹی، کھلاڑیوں کی فٹنس اور کوچنگ کے حوالے سے بین الاقوامی سیمینار

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کے زیر اہتمام کھلاڑیوں کی جسمانی فٹنس اور کوچنگ کے متعلق انٹرنیشنل سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں انٹرنیشنل ہینڈ بال ایسوسی ایشن کے ٹیکنیکل مندوب علی رضا حبیبی اور سنٹرل ایشیاء ہینڈ بال فیڈریشن کے سیکٹری جنرل محمد شفیق نے طلباء کو فٹنس اور کوچنگ کے متعلق آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان کا کہنا تھا کہ آج کے جدید دور میں کھلاڑیوں کی جسمانی و ذہنی فٹنس کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی معیار کی کوچنگ اور سہولیات کھلاڑیوں میں جیت کا حوصلہ پیدا کرنے کے لیے نہائت اہم ہیں۔ انٹرنیشنل ہینڈ بال ایسوسی ایشن کے ٹیکنیکل مینیجر علی رضا حبیبی نے جی سی یونیورسٹی کی مختلف ٹیموں کے کھلاڑیوں اور طلباء کو انٹرنیشنل لیول کی کوچنگ ٹیکنیک اور فٹنس کے متعلق ٹپس دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا سپورٹس کمپلیکس جدید سہولیات سے آراستہ ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ کھلاڑیوں کو بہترین کوچز کے زیرنگرانی تربیت فراہم کی جائے تاکہ وہ انٹرنیشنل لیول تک بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں۔ سنٹرل ایشیاء ہینڈ بال کے سیکٹری جنرل محمد شفیق نے اس موقع پر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات اور بھرپور تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انٹرنیشنل ہینڈ بال ایسوسی ایشن کی طرف سے سنٹرل ایشاء ویمن ہینڈ بال ٹرافی کا انٹرنیشنل ایونٹ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں جاری ہے۔ جس میں ازبکستان، کریگستان، تاجکستان اور پاکستان کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جبکہ دنیا بھر سے کوچز، ٹیکنیکل مینیجرز اور ریفریز بھی شرکت کر رہے ہیں۔



## سابق قومی کرکٹر شاہد نذیر کی جی سی یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال سے ملاقات








پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال مرحوم سابق وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی بے مثال خدمات کے اعتراف میں ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس نے پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال میموریل ٹیلنٹ سپورٹس کیش ایوارڈ 2023 اور پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال میموریل ٹیلنٹ گولڈ میڈل کا اجراء کیا ہے۔

## انٹر کالجیٹ بیڈ منٹن، قونصل جنرل کی بطور مہمان خصوصی شرکت۔






گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کے زیر اہتمام انٹر کالجیٹ بیڈ منٹن چیمپئن شپ 2022-2023 کا آغاز ہوا۔ گزشتہ روز ہونے والے فائنل میچ میں امریکی قونصل جنرل ولیم میکنوئنل اور وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور فائنل کا میچ دیکھا۔ چیئرمین سپورٹس بورڈ ڈاکٹر ناصر امین اور ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چیمپئن شپ کے فائنل میچ کی تقریب کے دوران قونصل جنرل کا کہنا تھا کہ امریکہ اور پاکستانی عوام کو قریب لانے کے لیے ثقافت کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے انعقاد کی طرف بھی توجہ دی جائے گی۔ امریکی قونصلیٹ لاہور انٹرنیشنل لیول کی گیمز کے انعقاد کے لیے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرے گا۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کا کہنا تھا کہ کھیل جسمانی اور ذہنی نشونما کے لئے بے حد ضروری ہیں، تعلیمی تدریسی اور غیر نصابی سرگرمیاں خوش آئند ہیں ادارے میں اس طرح کی سرگرمیوں کا انعقاد مثبت عمل ہے۔ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان نے کہا کہ پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل بھی بچوں کی جسمانی صحت کے لیے بہت ضروری ہے، یونیورسٹی کی طرف سے ایسے کھیلوں کا انعقاد کالجز کے طلباء کے لیے ایک تفریحی سرگرمی سے کم نہیں ہے۔ چیمپین شپ میں کل 5 ٹیموں نے حصہ لیا۔ چیمپین شپ کا فائنل میچ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج کمالیہ نے جیتا ایک کے مقابلہ میں 2 سیٹ سے جیت لیا، دوسری پوزیشن سپیریئر کالج شیخوپورہ جبکہ تیسری پوزیشن گریجوایٹ کالج سائنس فیصل آباد نے حاصل کی۔

## جی سی یونیورسٹی، کھیلوں کے عالمی دن پر واک کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کے زیر اہتمام ترقی اور امن کے لیے کھیلوں کے عالمی دن کے موقع پر آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک کا مقصد معاشرے میں کھیلوں کی ترقی اور امن کے لیے مثبت کردار کو اجاگر کرنا تھا۔ واک میں رجسٹرار ڈاکٹر ہدایت رسول، ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان،یونیورسٹی انتظامیہ، فیکلٹی ممبران اور طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ اس موقع پر رجسٹرار جی سی یونیورسٹی ڈاکٹر ہدائت رسول کا کہنا تھا کہ کھیل ہمارے جوش و جذبے اور توانائی کو ایک اجتماعی مقصد کے گرد ہم آہنگ کرنے کی طاقت رکھتے ہیں۔ کھیلوں کے انعقاد سے طلباء میں مقابلہ کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ آج کا دن لوگوں کی زندگیوں میں کھیل اور جسمانی سرگرمی کے مثبت کردار کو تسلیم کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یہ ایک بنیادی حق اور سماجی تعلقات کو مضبوط بنانے اور پائیدار ترقی اور امن کے ساتھ ساتھ یکجہتی اور سب کے لیے احترام کو فروغ دینے کا ایک طاقتور ذریعہ ہے۔



# جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں سنٹرل ایشیاء ویمن ہینڈ بال ٹرافی کا انعقاد



گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے سپورٹس کمپلیکس میں پاکستان ہینڈ بال فیڈریشن اور انٹرنیشنل ہینڈ بال فیڈریشن کے تعاون سے ویمن سنٹرل ایشیاء ٹرافی 2023 کا انعقاد گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے سپورٹس کمپلیکس میں ہوا۔ سنٹرل ایشاء ٹرافی میں ازبکستان، کرگیستان، تاجکستان اور پاکستان کی ٹیموں نے حصہ لیا تھا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال، کمشنر فیصل آباد سلوت سعید نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیز اور میڈلز تقسیم کیے۔ اس موقع پر چئیرمین سپورٹس بورڈ ڈاکٹر ناصر امین، ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان کے علاوہ ہینڈ بال فیڈریشن کے ممبران اور عہداران بھی موجود تھے۔ انٹرنیشنل ہینڈ بال فیڈریشن کے ممبران اور کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا سپورٹس کمپلیکس جدید ترین سہولیات سے آراستہ ہے، پاکستان میں کھیلنا ہمارے لیے باعث فخر تھا۔












Y, CENTRAL ASIA, FAISALABAD




KYRGYZSTAN


IHF TROPHY, CENTRAL A
02 - 06 MARCH
UZBEKISTAN








02 - 06 MARCH, 2023
PAKISTAN
UZBEKISTAN
WOMAN HANDBALL YOUTH & JUNIOR
WELCOME ALL PARTICIPANTS
TAJIKISTAN
KYRGYZSTAN